قاموس الکتب اردو

جلد سوم

عمرانیات

مرتبہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

بابائے اردو روڈ کراچی ۱

قاموس الکتب اُردو

جلد سوم

عمرانیات

مرتبہ

انجمن ترقی اُردو پاکستان

شائع کردہ

انجمن ترقی اُردو پاکستان

بابائے اُردو روڈ۔ کراچی نمبر ۱

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو نمبر ۴۲۰

اشاعتِ اوّل : ۸۰/۱۹۷۸ء
تعداد : پانچ سو
طابع : انجمن پریس نشتر روڈ، کراچی
قیمت : پچاس روپے

یہ کتاب، وزارتِ تعلیم حکومت پاکستان کی امداد سے شائع کی گئی ہے۔ انجمن ترقی اُردو حکومت کی اس معارف پروری کے لیے ازحد ممنون ہے۔

جمیل الدین عالی
معتمد اعزازی

حرفے چند

انجمن کا ایک اشاعتی سلسلہ ہے۔ قاموس الکتب۔ یہ سلسلہ پورے جنوبی ایشیا میں اُردو کی حد تک کسی اور تحقیقی یا اشاعتی ادارے نے نہیں بنایا۔

اگلے صفحات پر بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم کا ایک مضمون ہے جو دراصل اس سلسلے کی پہلی جلد "مذہبیات" پران کا مقدمہ ہے۔ اس سے اس سلسلے کی غرض وغایت اور ابتدا کا نقشہ سامنے آجائے گا۔ یہ مقدمہ مولوی صاحب نے ۲۲ جون ۱۹۶۱ء کو بستر مرگ سے بھیجا تھا۔ اور ان کی آخری تحریر ہے۔ وہ اگست ۱۹۶۱ء میں انتقال فرما گئے۔

پہلی جلد "مذہبیات" پر تھی۔ مختلف ناپوں کے ٹائپ میں ایک ہزار ایک سو چہتر صفحے متن کے بعد بہت باریک ٹائپ میں ایک سو نانوے صفحات کا اشاریہ۔ کاغذ اس وقت بہت خراب آتا تھا۔ ضخامت کافی تھی۔ انھوں نے یہ حکم بھی دیا تھا کہ اس اشاعت کو گتے اور کپڑے سے مجلّد کیا جائے۔ بہرحال یہ ان کے زیر اہتمام انجمن کی آخری اشاعت تھی لیکن ایک عظیم الشان منصوبے کی ایک عظیم اور کامیاب ابتدا بھی۔

کسی مضمون۔ کسی تقریر بھی فرکا ہیے۔ کسی گفتگو میں ترقی اردو۔ نفاذ اردو۔ ضرورت اردو۔ حبّ اردو وغیرہ پر بات کرلینا۔ بڑے قیمتی اور مفید مشورے دے دینا۔ شکایت کا دفتر کھول دینا۔ شخصیات اور اداروں کو طنز ومزاح کا نشانہ بنا لینا اپنی جگہ ہر ایک کا حق بھی شاید ضروری بھی ہو مگر مسلسل نامساعد حالات میں اردو پر ٹھوس کام کیے جانا بھی بڑا مشکل کام ہے۔ اللہ مولوی صاحب کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ وہ عمر بھر کام کرتے رہے۔

پہلی جلد پندرہ سو کی تعداد میں چھپی۔ یونسکو منصوبے کے تحت وفاقی حکومت کے ذریعے پچیس ۲۵ ہزار روپے ملنے تھے (جو اشاعت پر ملے بھی) مگر سرمایہ اس سے کہیں زیادہ لگا۔ ایک بن لکھا سمجھوتہ حکومت سے یہ بھی تھا کہ وہ کم از کم پانچ سو جلدیں خرید کر جامعات، کالجوں، کتب خانوں اور دوسرے اداروں میں بھی تقسیم کرے گی۔ وہ پورا نہ ہوا۔ کتاب بمشکل نکلی۔ آٹھ سو جلدیں اب بھی باقی ہیں۔ ان بہت سے حضرات نے بھی کوئی مدد نہ کی جن کی گرم گرم تقریریں اور بڑے بڑے وعدے بہت سے لوگوں پر بہت دن اثر انداز رہے۔ آج بھی رہتے ہیں۔

مولوی صاحب کے بعد ایک برس انجمن کی تشکیل نو میں گزرا۔ راقم الحروف ۱۹۵۹ء سے مولوی صاحب کی حیات میں ہی انھی کے حکم پر انتظامیہ سے متعلق ہو گیا تھا۔ اسے معلوم ہے کہ مولوی صاحب اس منصوبے کو کتنی خصوصی اہمیت دیتے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد دوسری جلد پر کام شروع ہونے سے پہلے پوری انجمن ہی اپنے دوسرے دستور کی

منتظر رہی' اس میں قریباً ایک سال لگا۔ پھر جناب اختر حسین صدر انجمن ہوئے مگر انھیں ورثے میں ایک بڑے نام کے ساتھ ساتھ بے شمار مشکلات بھی ملی تھیں۔ سب سے پہلے ترجیح اردو کالج کو دی تھی جس کا خزانہ نہ صرف خالی تھا بلکہ بری طرح زیرِبار بھی تھا۔ بہرحال انھوں نے انجمن کے اشاعتی منصوبوں پر بھی توجہ دی اور اس سلسلے میں ان کی سب سے زیادہ معاونت انجمن اور مولوی صاحب کے ایک نہایت مستعد نوجوان دوست اور اردو کے مشہور محقق اور شاعر جناب مشفق خواجہ نے کی۔ مجلس منتظمہ میں سب سے زیادہ فعال اور باقاعدہ کام کرنے والے صاحب جناب ممتاز حسن مرحوم تھے۔ انھوں نے اصرار کیا کہ قاموس الکتب کا سلسلہ تمام تر نقصانات کے باوجود جاری رہنا چاہیئے۔ چنانچہ کام شروع کر دیا گیا۔ محترم مولانا اعجاز الحق قدوسی' مولانا عقیل احمد جعفری مرحوم' مولانا عبدالسلام صاحب اور جناب اُمید فاضلی نے کچھ مدت کل وقتی اور کچھ مدت جز وقتی کام کیا۔ اس دوران جناب شمیم احمد بھی انجمن کے تحقیقی عملے میں شامل ہو گئے۔ اور انھوں نے بحیثیت مدیر قاموس جلد سوم عمرانیات کام سنبھال لیا۔ چونکہ دوسری جلد میں سیاسی تحریکوں' سیاسی سوانح اور اس سے متعلق بہت سے عنوانات شامل کر لیے گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے شمیم احمد صاحب کا خاصا بڑا کام جلد دوم میں ہی شامل کر لیا گیا ہے۔ اور باقی کام تیسری جلد عمرانیات میں موجود ہے۔ ۱۹۶۴ء ختم ہوتے ہوتے پہلا مرحلہ مکمل ہو رہا تھا کہ انجمن کے مالی حالات بہت خراب ہو گئے۔ اردو کالج کے خسارے بڑھ گئے تھے۔ اقامتی اردو کالج کی بنیاد رکھ دی گئی تھی لیکن وفاقی حکومت نے مطلوبہ مالی امداد دی نہ صوبائی حکومت نے جب کہ صدر ایوب مرحوم کے سنگ بنیاد رکھتے وقت وعدے بڑے بڑے کیے گئے تھے۔ منتظمہ کالج اور انجمن کی ایک ہی تھی وہ حیرانیوں کے ساتھ نئی پریشانیوں میں گرفتار ہو گئی مگر وہ ایک الگ کہانی ہے۔ کبھی سنا دی جائے گی پھر منتظمہ کو اپنی ذمہ داریاں نباہنے میں ایک بار پھر ترجیحات مرتب کرنی پڑیں۔ دوسری جلد کی تدوین ایک سال کے لیے موخر کر دی گئی۔

ایک سال بعد کام پھر شروع ہوا۔ شمیم صاحب موجود تھے۔ مشفق خواجہ صاحب بہت مصروف ہونے کے باوجود بھی توجہ کرتے تھے۔ جناب ابو سلمان شاہجہاں پوری کا خصوصی تعاون حاصل کیا گیا۔ مسودہ تیار ہوا تو پروفیسر ایوب قادری نے نظرِ ثانی کی اور معلوم ہوا کہ ابھی خاصا کام ہونا باقی ہے۔ اس دوران جناب مشفق خواجہ دوسرے تحقیقی اور ادبی کاموں میں اتنا الجھ گئے کہ انجمن کو مطلوبہ وقت دینا ممکن نہ رہا۔ چنانچہ وہ رخصت ہوئے یہ الگ بات ہے کہ وہ انجمن کے آڑے وقت میں آج تک کام آتے ہیں۔ جو خدمت ممکن ہو بجا لاتے ہیں۔ کاش انجمن انھیں قید کر کے رکھ لیتی۔ پھر اسے جناب اختر حسین صدر انجمن کے علاوہ کسی کی ضرورت نہ ہوتی۔

بہرحال دوسری جلد آٹھ برس میں تیار ہوئی۔ کتابت۔ نظرِ ثانی اور اغلاط سے مبّرا پروف ریڈنگ سب مراحل سے گزر کر ۱۹۷۲ء میں شائع ہوئی۔ یہ دوسری جلد "تاریخیات" پر ہے۔ اسے لیتھو میں چھاپنا پڑا کیونکہ اب ٹائپ کی چھپائی اور بھی مہنگی ہو گئی تھی۔ متن کے صفحات پانچ سو چودہ اور اشاریہ مصنفین ایک سو تیرہ صفحوں کا۔ اس بار کاغذ ذرا بہتر استعمال ہوا۔ کتاب مجلد نہ کی گئی۔ پیپر بیک میں ہے مگر مضبوط ہے۔ ڈر کے مارے اس بار کل پانچ سو جلدیں چھاپی گئیں۔ مگر۔ مگر تا حال وہ سب بھی نہیں بکی ہیں۔ اشتہار۔ تبصرے۔ اطلاع بذریعہ خطوط سب مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔

تیسری جلد کی تیاری ایک طرح دوسری کے ساتھ ہی شروع ہوگئی تھی۔ اس پر بطور خاص جناب شمیم احمد نے کام کیا۔ مگر دوسرے شریک کارکنوں کا ذکر ضروری ہے اور وہ ہیں جناب سید سعید احمد اور مولانا ابو سلمان شاہجہاںپوری۔ جمع شدہ مواد کی ترتیب اور نظر ثانی کا کام ڈاکٹر خان رشید نے انجام دیا اور انھوں نے ضروری اضافے بھی کیے۔

عمرانیات کو یوں ہی ایک خشک موضوع کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہا جاتا تھا کہ اردو کا مزاج تو اس موضوع کا متحمل ہی نہیں ہو سکتا۔ لیکن۔ اس تیسری جلد میں بھی جس کی ترتیب میں چند کمزوریوں کا ذکر بھی کیا جائے گا۔ چار ہزار چار سو اکتیس کتابوں کے نام درج ہیں اس کے صفحات سات سو چوبیس ہیں اور اشاریہ.. اصفحات پر آیا ہے۔

یہ فہرست اب سے تقریباً دو برس پہلے کی فہرست ہے کیونکہ اس کی کتابت میں ضرورت سے زیادہ وقت لگا۔ اس میں ہندوستانی کتب خانوں اور اشاعت گھروں کی قدیم و جدید کتابیں شامل نہیں کیونکہ ان تک دسترس بڑی کوششوں کے باوجود بھی ممکن نہ ہوئی۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ پھر تلخیاں کتابوں اور فہرستوں کا تبادلہ ہوتا ہی نہیں پھر ۱۹۷۱ء کی جنگ پھر مابعد کی تلخیاں اور اب تک جاری رہنے والی صورت حال کہ

آدمی واں نہ جا سکے یاں کا

بہت سے ایسے مقامی کتب خانوں سے بھی استفادہ ممکن نہ ہوا جو ذاتی ملکیت میں ہیں ان کے مالکان کتابیں رکھنے پر تو بڑے فخر کا اظہار کرتے ہیں مگر مستند اہل تحقیق تک کو ان سے غیر ذاتی فائدہ اٹھانے کی اجازت بھی نہیں دیتے۔ بہتوں کے پاس ان کی زیر تحویل کتابوں کی فہرست تک نہیں ہے۔ بہرحال یہ سب ہمارے "قومی مسائل" کا ایک حصہ ہے اور کام اس کے باوجود ہونا ہے سو وہ ہوتا ہے مگر ظاہر ہے کہ ایسا کام کچھ نہ کچھ لنگڑا لولا ہوگا۔

اس جلد میں ذیلی عنوانات کہیں کہیں متنازعہ فیہ ہوجاتے ہیں۔ راقم الحروف اہل تحقیق نہیں مگر ایک عام قاری کی حیثیت سے اسے بھی کئی مقامات کھٹکے۔ چالیس کتابیں مثلاً "سرگزشت وسوانح" کے ذیلی عنوان میں رکھی گئی ہیں۔ ساتھ ہی غیر ملکی مشاہیر پر چودہ کتابیں الگ درج ہیں۔ ان میں سے کچھ ایک طرف سے دوسری طرف جا سکتی تھیں۔ اس کے علاوہ یہ تعداد بادی النظر میں بھی ایک بہت ہی کم تعداد معلوم ہوتی ہے کیا غلطی ہوئی۔ یا تو کئی فہارس کتب سے ان ذیلی موضوعات پر کتابیں چھانٹی ہی نہیں گئیں یا مرتبین نے وہ فہارس ملاحظہ ہی نہیں کیں۔ یہ ان کی اور میری، ہماری غلطی بھی ہے نگرانوں کو کم از کم اپنی بے عملی کا اعتراف تو کرنا چاہیئے۔

لیکن ادباً یہ بھی عرض کردیا جائے کہ ذیلی عنوانات کا موضوع تعین کرنا خود یورپ میں ایک بڑا پیچیدہ اور متنازعہ موضوع بنا ہوا ہے۔ بہت سے ماہرین ایسی تقسیم جزئیات کے بارے میں بھی بالکل متضاد آراء رکھتے ہیں۔ دراصل BIBLIOGRAPHY کا فن بجائے خود ایک بہت مشکل اور تفصیلی فن ہے جس میں وقت کے ساتھ بے شمار تنازعے در آتے جو مضمون ہے وہ چار بڑے اور گیارہ ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی :

منتظر رہی، اس میں قریباً ایک سال لگا۔ پھر جناب اختر حسین صدر انجمن ہوئے مگر انھیں ورثے میں ایک بڑے نام کے ساتھ ساتھ بے شمار مشکلات بھی ملی تھیں۔ سب سے پہلے ترجیح اردو کالج کو دینی تھی جس کا خزانہ نہ صرف خالی تھا بلکہ بری طرح زیر بار بھی تھا۔ بہرحال انھوں نے انجمن کے اشاعتی منصوبوں پر بھی توجہ دی اور اس سلسلے میں ان کی سب سے زیادہ معاونت انجمن اور مولوی صاحب کے ایک نہایت مستعد نوجوان دوست اور اردو کے مشہور محقق اور شاعر جناب مشفق خواجہ نے کی۔ مجلس منتظمہ میں سب سے زیادہ فعال اور باقاعدہ کام کرنے والے صاحب جناب ممتاز حسن مرحوم تھے۔ انھوں نے اصرار کیا کہ قاموس الکتب کا سلسلہ تمام تر نقصانات کے باوجود جاری رہنا چاہیئے۔ چنانچہ کام شروع کر دیا گیا۔ محترم مولانا اعجاز الحق قدوسی، مولانا عقیل احمد جعفری مرحوم، مولانا عبدالسلام صاحب اور جناب اُمید فاضلی نے کچھ مدت کل وقتی اور کچھ مدت جز وقتی کام کیا۔ اس دوران جناب شمیم احمد بھی انجمن کے تحقیقی عملے میں شامل ہو گئے۔ اور انھوں نے بحیثیت مدیر قاموس جلد سوم عمرانیات کام سنبھال لیا۔ چونکہ دوسری جلد میں سیاسی تحریکوں، سیاسی سوانح اور اس سے متعلق بہت سے عنوانات شامل کر لیے گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے شمیم احمد صاحب کا خاصا بڑا کام جلد دوم میں بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ اور باقی کام تیسری جلد عمرانیات میں موجود ہے۔ ۱۹۶۴ء ختم ہوتے ہوتے پہلا مرحلہ مکمل ہو رہا تھا کہ انجمن کے مالی حالات بہت خراب ہو گئے۔ اردو کالج کے خسارے بڑھ گئے تھے۔ اقامتی اردو کالج کی بنیاد رکھ دی گئی تھی لیکن وفاقی حکومت نے مطلوبہ مالی امداد دی نہ صوبائی حکومت نے جب کہ صدر ایوب مرحوم کے سنگ بنیاد رکھتے وقت وعدے بڑے بڑے کیے گئے تھے۔ منتظمہ کالج اور انجمن کی ایک ہی تھی وہ حیرانیوں کے ساتھ نئی پریشانیوں میں گرفتار ہو گئی مگر وہ ایک الگ کہانی ہے۔ کبھی سنا دی جائے گی پھر منتظمہ کو اپنی ذمہ داریاں نباہنے میں ایک بار پھر ترجیحات مرتب کرنی پڑیں۔ دوسری جلد کی تدوین ایک سال کے لیے موخر کر دی گئی۔

ایک سال بعد کام پھر شروع ہوا۔ شمیم صاحب موجود تھے۔ مشفق خواجہ صاحب بہت مصروف ہونے کے باوجود بھی توجہ کرتے تھے۔ جناب ابوسلمان شاہجہاں پوری کا خصوصی تعاون حاصل کیا گیا۔ مسودہ تیار ہوا تو پروفیسر ایوب قادری نے نظر ثانی کی اور معلوم ہوا کہ ابھی خاصا کام ہونا باقی ہے۔ اس دوران جناب مشفق خواجہ دوسرے تحقیقی اور ادبی کاموں میں اتنا الجھ گئے کہ انجمن کو مطلوبہ وقت دینا ممکن نہ رہا۔ چنانچہ وہ رخصت ہوئے یہ الگ بات ہے کہ وہ انجمن کے آڑے وقت میں آج تک کام آتے ہیں۔ جو خدمت ممکن ہو بجا لاتے ہیں۔ کاش انجمن انھیں قید کر کے رکھ لیتی۔ پھر اسے جناب اختر حسین صدر انجمن کے علاوہ کسی کی ضرورت نہ ہوتی۔

بہرحال دوسری جلد آٹھ برس میں تیار ہوئی۔ کتابت۔ نظر ثانی اور اغلاط سے مبرا پروف ریڈنگ سب مراحل سے گزر کر ۱۹۷۴ء میں شائع ہوئی۔ یہ دوسری جلد "تاریخیات" پر ہے۔ اسے لیتھو میں چھاپنا پڑا کیونکہ اب ٹائپ کی چھپائی اور بھی مہنگی ہو گئی تھی۔ متن کے صفحات پانچ سو چھ اور اشاریہ مصنفین ایک سو تیرہ صفحوں کا۔ اس بار کاغذ ذرا بہتر استعمال ہوا۔ کتاب جلد نہ کی گئی۔ پیپر بیک ہیں ہے مگر مضبوط ہے۔ ڈر کے مارے اس بار کل پانچ سو جلدیں چھاپی گئیں۔ مگر تا حال وہ سب بھی نہیں بکی ہیں۔ اشتہار۔ تبصرے۔ اطلاع بذریعہ خطوط سب مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔

تیسری جلد کی تیاری ایک طرح دوسری کے ساتھ ہی شروع ہوگئی تھی۔ اس پر بطور خاص جناب شمیم احمد نے
کام کیا۔ مگر دوسرے شریک کارکنوں کا ذکر ضروری ہے اور وہ ہیں جناب سید سعید احمد اور مولانا ابوسلمان شاہجہانپوری۔
جمع شدہ مواد کی ترتیب اور نظر ثانی کا کام ڈاکٹر خان رشید نے انجام دیا اور انھوں نے ضروری اضافے بھی کیے۔

عمرانیات کو یوں بھی ایک خشک موضوع کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہا جاتا تھا کہ اردو کا مزاج تو اس موضوع کا متحمل
ہی نہیں ہوسکتا۔ لیکن۔ اس تیسری جلد میں بھی جس کی ترتیب میں چند کمزوریوں کا ذکر بھی کیا جائے گا۔ چار ہزار چار
سو اکتیس کتابوں کے نام درج ہیں اس کے صفحات سات سو چوبیس ہیں اور اشاریہ ...اصفحات پر آیا ہے۔

یہ فہرست اب سے تقریباً دو برس پہلے کی فہرست ہے کیونکہ اس کی کتابت میں ضرورت سے زیادہ وقت
لگا۔ اس میں ہندوستانی کتب خانوں اور اشاعت گھروں کی قدیم و جدید کتابیں شامل نہیں کیونکہ ان تک دسترس
بڑی کوششوں کے باوجود بھی ممکن نہ ہوئی۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ' پھر تلخیاں کتابوں اور فہرستوں کا تبادلہ ہوتا ہی نہیں
پھر ۱۹۷۱ء کی جنگ' پھر مابعد کی تلخیاں اور اب تک جاری رہنے والی صورت حال کہ

آدمی واں نہ جاسکے یاں کا

بہت سے ایسے مقامی کتب خانوں سے بھی استفادہ ممکن نہ ہوا جو ذاتی ملکیت میں ہیں ان کے مالکان کتابیں
رکھنے پر تو بڑے فخر کا اظہار کرتے ہیں مگر مستند اہل تحقیق تک کو ان سے غیر ذاتی فائدہ اٹھانے کی اجازت بھی نہیں
دیتے۔ بہتوں کے پاس ان کی زیر تحویل کتابوں کی فہرست تک نہیں ہے۔ بہرحال یہ سب ہمارے "قومی مسائل" کا ایک
حصہ ہے اور کام اس کے باوجود ہونا ہے سو وہ ہوتا ہے مگر ظاہر ہے کہ ایسا کام کچھ نہ کچھ لنگڑا لولا ہوگا۔

اس جلد میں ذیلی عنوانات کہیں کہیں متنازعہ فیہ ہوجاتے ہیں۔ راقم الحروف اہل تحقیق نہیں مگر ایک عام
قاری کی حیثیت سے اسے بھی کئی مقامات کھٹکے۔ چالیس کتابیں مثلاً "سرگزشت وسوانح" کے ذیلی عنوان میں رکھی گئی
ہیں۔ ساتھ ہی غیر ملکی مشاہیر پر چودہ کتابیں الگ درج ہیں۔ ان میں سے کچھ ایک طرف سے دوسری طرف جاسکتی
تھیں۔ اس کے علاوہ یہ تعداد بادی النظر میں بھی ایک بہت ہی کم تعداد معلوم ہوتی ہے کیا غلطی ہوئی۔ یا تو
کئی فہارس کتب سے ان ذیلی موضوعات پر کتابیں چھانٹی ہی نہیں گئیں یا مرتبین نے وہ فہارس ملاحظہ ہی نہیں
کیں۔ یہ ان کی اور میری' ہماری غلطی بھی ہے نگرانوں کو کم ازکم اپنی بے عملی کا اعتراف تو کرنا چاہیئے۔

لیکن ادباً یہ بھی عرض کردیا جائے کہ ذیلی عنوانات کا موضوع تعین کرنا خود یورپ میں ایک بڑا پیچیدہ اور
متنازعہ موضوع بنا ہوا ہے۔ بہت سے ماہرین ایسی تقسیم جزئیات کے بارے میں بھی بالکل متضاد آراء رکھتے
ہیں۔ دراصل BIBLIOGRAPHY کا فن بجائے خود ایک بہت مشکل اور تفصیلی فن ہے جس میں وقت
کے ساتھ بے شمار تنازعے درآئے جو مضمون ہے وہ چار بڑے اور گیارہ ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا
ہے یعنی :

I. Enumerative (or) Systematic Bibliography.

1. General.
2. Form.
3. Subject.
4. Other lists and guides.

II. Analytical (or) Critical Bibliography.

III. Descriptive Bibliography.

1. Primary Documents.
2. Identification and Arrangement.
3. Variety of Information.

IV.. Tetual Bibliography.

1. Physical Characteristics of Manuscripts.
2. Details of Prints.
3. Transmission of Text.

یہ ایک ہلکا سا خاکہ ہے ۔ قاموسی مطالبات ۔ ضروریات ۔ امکانات اور ان سے متعلق مباحث کا ۔ اس حوالے کا مقصد اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کو ایک فضائے بسیط میں پھیلا کر نظر سے اوجھل کر دینا نہیں بلکہ صرف یہ عرض کرنا ہے کہ بڑے بڑے وسائل رکھنے والوں کو بھی بڑے بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ ہمارے پاس تو اپنی بے بضاعتی کے علاوہ کوئی قابل ذکر سرمایہ بھی نہیں ۔ اگر کوئی اور ادارہ ۔ تجارتی یا رفاہی ۔ اب بھی ایک سائنٹفک اور مکمل قاموس کتب اردو مرتب کرنے کا ذمہ لے تو ہم اپنا سارا کام اس کی نذر کرنے پر تیار ہیں ۔ وہ غلطیاں دور کرے اور اسے ضروری اضافوں سے مزین کر کے شائع کر دے تو انجمن ہی کا مقصد پورا ہوگا ۔ فی الحال کل وقتی اہل علم کی نایابی اور جز وقتی کارکنوں کی ناتجربہ کاری کے باوجود ایسی فہرست کتب بھی شائع ہو جانا کم از کم ایک مفید بات ضرور ہے ۔

آپ ملاحظ کریں گے کہ اس تیسری جلد میں مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت کتنی تعداد درج کی گئی ہے جب کہ نہ صرف کتاب کا نام دیا گیا ہے بلکہ ناشر کا نام پتہ ۔ صفحات کی تعداد اور کہیں ایک سطر میں کہیں دو سطر میں کتاب کی مختصر کیفیت بھی بیان کر دی گئی ہے ۔ کتاب میں تفصیلی فہرست شامل ہے پھر بھی مندرجات ذیل ایک فہرستی اشاریے کا مقصد پورا کر سکتے ہیں (واضح رہے کہ اشاریہ مصنفین جو ۱۰۰ صفحات پر مشتمل ہے کتاب کے آخر میں ہے) ۔ چند ذیلی عنوانات کے تحت بہت ہی کم کتابوں کی تعداد دیکھ کر سب کو حیرت ہوگی ۔ راقم الحروف کو بھی ہوئی ۔ کاش یہ تعداد زیادہ درج ہوتی ۔ نہ معلوم کیا ہوا ہے یا تو کتابوں کی نشاندہی نہیں ہوئی یا وہ

نفیس ہی کم لیکن ساتھ ساتھ چند ذیلی عنوانات کے تحت اردو جیسی نئی زبان میں ان موضوعات پر سینکڑوں کتابوں کی تعداد دیکھ کر دل خوشی سے معمور بھی ہوتا ہے۔

۱۔ عمرانیات ۲۰۴	۲۔ اخلاقیات ۱۸۹	۳۔ معاشیات ۱۷۳	۴۔ مالیات ۹۰
۵۔ تجارت ۲۵	۶۔ صنعت وحرفت ۳۴۴	۷۔ زراعت ۵۶۹	۸۔ مواصلات ۵
۹۔ سیاسیات ۶۴۲	۱۰۔ سرگزشت وسوانح ۴۰	۱۱۔ غیر ملکی مشاہیر ۱۴	۱۲۔ خطبات سیاسی ۶۰
۱۳۔ خطبات تعلیمی ۳۲	۱۴۔ خطبات متفرق ۱۱	۱۵۔ روئداد متفرق سرگرمیاں ۲۷۸	۱۶۔ قانون ۵۱۵
۱۷۔ تعلیم ۲۴۱	۱۸۔ فلسفہ ۱۸۲	۱۹۔ نفسیات ۱۹۰	۲۰۔ موسیقی ۳۹
۲۱۔ دست شناسی ۱۲	۲۲۔ نجوم وجوتش ۲۵	۲۳۔ قیافہ شناسی ۳	۲۴۔ شعبدہ بازی ۷
۲۵۔ پیش گوئی (سالانہ رسائل وجرائد شامل نہیں)		۲۶۔ تعبیر خواب ۵	۲۷۔ تحریر شناسی ۳

۲۸۔ کیمیا ۸ (تعداد کم ہے مگر اندازہ ہے کہ درست بھی ہے)

۲۹۔ فالنامے ۳ (سالانہ رسائل وجرائد شامل نہیں)

۳۰۔ توہمات ۱ (ذیلی عنوان کا مقصد ہے باطنی موضوع کو معیار انتخاب قرار دیا جائے تو بہت سی کتابیں شامل ہو سکتی ہیں)۔

۳۱۔ کھیل ۶۷ — ۳۲۔ تقویم ۳۰ (سالانہ رسائل وجرائد شامل نہیں) — ۳۳۔ رسم الخط ٹائپ ۴۰

۳۴۔ صحافت ۱۲ — ۳۵۔ معلومات عامہ ۶ (یہ تعداد مضحکہ انگیز حد تک کم اور غلط ہے)۔

۳۶۔ اصلاحات ۴۱ — ۳۷۔ انتظام کتب خانہ ۳ — ۳۸۔ فہارس کتابیات (کتب خانہ جات) ۹۴

۳۹۔ اشتہاری فہارس کتب ۱۲۷

کل تعداد : ۴۴۳۱

یہ جلد بھی پانسو کی تعداد میں چھپ رہی ہے گو ہمیں سابقہ تجربہ کی بنا پر یقین ہے کہ یہ جلدیں بھی مشکل سے بکیں گی۔ ایک امید کی کرن اس سال ان تیاریوں سے پیدا ہوئی ہے جو نفاذ اردو کے سلسلے میں کی جانے والی ہیں۔ اگر واقعی تدریسی اور دفتری زبانیں اردو نافذ ہوتی ہے تو فوراً نہ صرف اس قاموس کی اشد ضرورت محسوس کی جائے گی بلکہ بہت جلد نئی نہایت سائنٹفک اور بڑی قاموس الکتب تیار کرنی پڑے گی۔ نہ جانے وہ وسائل کس ادارے کے حصہ میں آئیں۔ بہرحال وہ دن نہایت مبارک ہوگا۔ انجمن پیشگی رکارڈ پر لاتی ہے کہ وہ نئی قاموس تیار کرنے کے لیے آمادہ ہے اور اگر یہ کام اسے نہ ملے تو جس ادارے کو ملے اس سے حتی المقدور پورا پورا تعاون کرے گی۔ ابھی سے ہر پاکستانی ادارے کو اجازت ہے کہ کوئی معاوضہ ادا کیے بغیر انجمن کی ان تینوں بلکہ آنے والی جلدوں کو ترمیم واضافہ کے ساتھ یا کسی ترمیم واضافہ کے بغیر اپنا کر چھاپ دے۔ اس فیاضی کی وجہ یہ نہیں کہ ہم یہ منصوبہ

ترک کر رہے ہیں۔ نہیں ہم تو چوتھی جلد تیار کر رہے ہیں جو ان شاء اللہ اگلے دو برس تک آجانی چاہیئے۔ اس پیش کش یا اجازت کی وجہ وہی ہے جو انجمن کی غایت قیام ہے۔ اردو نے اس منصوبے کا خواب دیکھنے میں اب تک ایک سو گیارہ برس گزار دیے ہیں۔ جیسا کہ آپ بابائے اردو کے مقدمے میں دیکھیں گے۔ یہ خیال سب سے پہلے سر سید مرحوم کو آیا تھا۔ پھر جب ۱۹۰۳ء میں انجمن کی بنیاد پڑی تو فہرست کار میں یہ منصوبہ بھی رکھا گیا تھا۔ یہ خواب بہت پرانا ہے اور ہمیشہ جاری رہے گا۔ ایک اصول کے مطابق قاموس ایک مسلسل عمل ہے۔ لائبریری آف کانگریس ریاستہائے متحدہ امریکہ سارے سال ایک قاموس مسلسل چھاپتی رہتی ہے۔ وہاں کاپی رائٹ قانون کی ایک شق بڑی سختی سے نافذ کی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ جو کتاب چھپے خواہ مصنف/ناشر اس کا حق اشاعت محفوظ کرانا چاہے یا نہ چاہے اسے کم از کم تین جلدیں اس کتب خانے میں داخل کرنی پڑتی ہیں۔ ایسا ہی قانون بہت سے مغربی اور کئی مشرقی ممالک میں نافذ ہے۔ پاکستان میں بھی یہ سعادت راقم الحروف کے حصے میں آئی تھی کہ یونیسکو سے تربیت پا کر آنے پر ۱۹۶۱ء اور (۱۹۶۲ء میں) کاپی رائٹ ایکٹ ڈرافٹ کو مختلف مفادات کے اجلاس عام سے منظور کرا کے قانون سازی کرائی۔ بدقسمتی کہ یہ قانون ۱۹۶۲ء میں ایک آرڈی ننس کے ذریعہ بن تو گیا مگر مشزی نہ ہونے کی وجہ سے ۱۹۶۷ء تک نافذ نہ ہوا۔ دراصل اس میں ادیبوں کے کچھ مفادات کو بھی تحفظ دیا گیا تھا۔ جو کچھ طاقتور ناشرین کو نہ بھاتا تھا۔ ان کا اثر حکومتِ وقت پر اتنا تھا کہ لفافہ ٹلواتے رہے۔ یہاں تک کہ ۱۹۶۷ء میں جناب قدرت اللہ شہاب وفاقی معتمد تعلیم ہوئے اور انھوں نے فروری ۱۹۶۷ء میں ہی اسے نافذ کرا دیا۔ افسوس کہ اس کے بعد بھی کاپی رائٹ کی مشزی حسب دلخواہ منظم نہ ہو سکی۔ وہ ایک الگ کہانی ہے لیکن اس موضوع سے یہ حصہ مربوط ہے کہ اگر اس قانون کی چند دفعات پر سختی اور کشادہ دلی سے عمل ہوتا تو رجسٹرار کاپی رائٹ کے دفتر سے ایک ماہانہ یا سہ ماہی جریدہ شائع ہوا کرتا جس میں تمام نئی کتابوں کا ذکر ہوتا اور یوں اردو والوں کی نشاندہی کسی دقت کے بغیر ہو جاتی۔ یہ جلدیں جمع ہوتے ہوتے دوبارہ مدون ہو کر قاموس بن جایا کرتیں زیادہ سے زیادہ پچھلی کتابوں کا کام رہ جاتا جس کا خاصا بڑا حصہ انجمن پورا کر چکی ہے۔ بہرحال یہ طے ہے کہ اگر اردو کو واقعی قومی زبان کی حیثیت سے جینا ہے تو مکمل قاموس الکتب قدیم اور قاموس مسلسل کی ترتیب لازمی مرحلے ہوں گے ان شاء اللہ انھیں کوئی نہ کوئی ضرور پورا کرے گا۔ انجمن نے اپنی بساط بھر اس کام کی ابتدا کر دی ہے۔ اور جب تک ممکن ہوا اپنا فرض ادا کیے جائے گی۔ اس کے ماہنامے "قومی زبان" میں نئے خزانے کے عنوان سے ایک اشاریہ چھپتا ہے جس میں تمام اردو اخبارات و جرائد میں چھپنے والے مضامین نظم و نثر کی فہرست دی جاتی ہے۔ کتابوں کی فہرستیں ناشرین باقاعدگی سے نہیں بھیجتے ورنہ انھیں بھی جمع کر کے مسلسل چھاپا جاتا۔ تاہم اب بھی جو کچھ میسر ہو جائے اسے جمع کر کے کام لیا جا رہا ہے۔

بہرحال۔ زبانی جمع خرچ اور بلند بانگ دعووں سے قطع نظر، اگر قومی زبان پر مسلسل قومی بے توجہی کے حقائق سامنے رکھ کر دیکھا جائے تو یہ سلسلہ قاموس الکتب اردو یہاں تک کہ یہ جلد بھی دنیائے اردو میں ایک اہم واقعہ ہے۔ امید ہے کہ کام کرنے والے اس سے قرار واقعی استفادہ کریں گے۔

مقدمہ

مندرجہ ذیل مقدمہ نوشتہ بابائے اُردو مرحوم قاموس الکتب کی جلد اوّل میں شامل ہے جسے یہاں اس لیے دہرایا جا رہا ہے کہ فہرست کتب کی ترتیب کیوں کر اور کن حالات میں ہوئی اور اس منصوبے کی اصل کیا ہے معلوم ہو سکے۔ ساتھ ہی بابائے اردو کا یہ مقدمہ تبرک کی حیثیت رکھتا ہے۔

وہ بنی نوع انسان کا بہت بڑا محسن تھا جس نے تحریر کا فن ایجاد کیا۔ جب تحریر وجود میں نہیں آئی تھی تب بھی انسان علم تہذیب سے (جیسی کچھ بھی تھی) محروم نہ تھا۔ اس زمانے میں انسان اپنی معلومات دوسروں کو منہ زبانی پہنچاتا تھا۔ حافظے کی اُس زمانے میں بڑی قدر اور اہمیت تھی۔ بعض لوگ فطرتاً اس کے لیے موزوں تھے اور بعض کو خاص طور پر اس غرض کے لیے تربیت دی جاتی تھی۔ جن لوگوں کا حافظہ قوی ہوتا تھا ان کی بڑی عزت کی جاتی تھی اور وہ بڑے عالم سمجھے جاتے تھے آج کل ایسے لوگوں کو جن کا علم اور معلومات وسیع ہوتی ہیں استعارتاً ہم چلتی پھرتی ان سائی کلوپیڈیا کہتے ہیں۔ لیکن قدیم زمانے میں ایسے لوگ فی الحقیقت چلتی پھرتی ان سائی کلوپیڈیا ہوتے تھے۔ کیوں کہ ان کا سارا علم ان کے دماغ میں محفوظ ہوتا تھا۔ حافظے کی قدر اور اہمیت جیسی اُس پرانے زمانے میں تھی ہمارے زمانے میں نہیں۔ اُس وقت قوی حافظ لوگوں کی ضروریات میں سے تھا۔ آج کل ہمارے زمانے میں حافظے کی مدد کے لیے بے شمار چیزیں ایجاد ہو گئی ہیں۔ جن کی بدولت حافظے پر سے بار بہت کم ہو گیا ہے۔

حافظ بڑا دغا باز ہوتا ہے۔ اُس پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا اس میں بھول چوک اور سہو کی بہت گنجائش ہے۔ اور پھر یہ کیسی قباحت ہے کہ انسان کی عمر بھر کی محنت سے جو کچھ حاصل کرتا ہے اس کے ساتھ وہ بھی فنا ہو جاتا ہے۔ بخلاف اس کے تحریر کا طریقہ بہت قابلِ وثوق ہے یعنی جو کچھ لکھ لیا جاتا ہے وہ قائم رہتا ہے اور انسان کے تجربے، اس کی معلومات اور علوم و فنون اور اس کے اختراعات و ایجادات محفوظ رہتی ہیں اور آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کرتی ہیں۔ یہ تحریر کا احسان ہے کہ اس کی بدولت ہماری تہذیب ترقی کرتے کرتے اس درجے کو پہنچ گئی ہے۔

تحریر کی ایجاد سے کتابت کو فروغ ہوا اور کاتبوں کی مانگ ہونے لگی۔ جو کتاب تصنیف ہوتی اس کو دوسروں تک پہنچانے یا اشاعت کا یہی ذریعہ تھا۔ اہل ثروت یا امراء اور بادشاہ جنھیں علم کا شوق ہوتا وہ کاتب ملازم رکھ کر کتابیں نقل کرواتے اور اپنے کتب خانوں کی زینت بناتے۔ جنھیں استطاعت نہ ہوتی وہ خود نقل کرتے۔ مدارس اور درس گاہوں میں یہی قلمی کتابیں کام دیتی تھیں طالب علم اور استاد اپنی درسی کتابیں خود نقل کرتے یا جنھیں استطاعت ہوتی وہ کاتبوں سے اُجرت دے کر نقل کرواتے یا اُن سے خرید لیتے۔ ایسی قلمی کتابیں ہمارے ملک میں اب بھی پائی جاتی ہیں اور کتب خانوں اور گھروں میں بڑی حفاظت سے رکھی جاتی ہیں۔ اسی کتابت کے سلسلے میں خوش نویسی کا فن وجود میں آیا جو ہمارے فنون

لطیفہ میں ممتاز درجہ رکھتا ہے۔ اس فن میں ایسے ایسے باکمال استاد گزرے ہیں جنھوں نے اس میں ایسی نئی نئی ایجادات اور گل کاریاں کی ہیں کہ جن کے نمونے دیکھ کر آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ ان کی وصلیاں اور قطعات بڑی قدر اور احترام سے دیکھے جاتے اور بیش قیمت نوادرات میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان باکمال اساتذہ کے نام آج بھی بڑی عزت سے لیے جاتے ہیں۔ ہماری تہذیب کو فروغ دینے میں ان کا بھی حصہ ہے۔ اسی ضمن میں جلد سازی کا فن بھی ہے۔ جلد سازوں نے اس میں بڑے بڑے ہنر دکھائے ہیں۔ قدیم جلد سازی کے قدردان ڈھونڈ ڈھونڈ کر اور بڑی قیمتیں دے کر ایسی کتابیں حاصل کرتے ہیں۔

کتابوں کے دشمن کچھ کم نہیں۔ آتش زدگی، زلزلے، سیلاب، جنگ و جدل، بعض جاہل اور ظالم و جابر فاتح اور دیگر اتفاقی حادثات نے کتابوں اور کتب خانوں کو بہت کچھ تباہ کیا ہے۔ یہ حادثات تو کبھی کبھی ہوتے ہیں لیکن ایک دشمن جو اگرچہ حقیر ہے مگر بڑا ظالم ہے، اس کا وجود خود کتاب کی ذات میں ہے۔ وہیں پیدا ہوتا ہے اور وہیں پرورش پاتا ہے۔ بڑا نمک حرام ہے جس ہانڈی میں کھاتا ہے اسی میں چھید کرتا ہے۔ یہ کتاب کا کیڑا ہے۔ خدا اس سے پناہ میں رکھے۔ چپکے چپکے صفحے چاٹ جاتا ہے اور کتاب کا کام تمام کر دیتا ہے۔ قلمی کتابیں اور خاص قسم کا کاغذ اس کا من بھاتا کھاجا ہے۔ غرض ان دشمنوں کے ہاتھوں ہماری بعض نہایت عزیز اور بیش بہا کتابیں جو ہمارے خالی دماغ اسلاف کی ذہنی اور روحانی کاوشوں کا نتیجہ تھیں تلف ہو گئیں۔ ان میں سے بعض کا نشان کسی ایسی فہرست سے لگا جو بعد میں کسی نے مرتب کی (مثلاً کشف الظنون) یا دوسری ایسی کتابوں سے پتہ چلا جن میں ان کے حوالے اور اقتباسات تھے۔ ورنہ یہ ہمیشہ کے لیے گم نام و بے نشان ہو جاتیں۔ اس قسم کی فہرستوں سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ جو کتابیں ناپید ہو گئی ہیں ان کا سراغ لگ جاتا ہے اور معلوم ہو جاتا ہے کہ ہمارے ادب میں کون کون سی کتابیں کن کن موضوعات پر تھیں جو اب دسترس سے باہر ہیں۔ دوسرے جب کوئی شخص کسی موضوع پر کچھ لکھنا یا تحقیق کرنا چاہتا ہے تو اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ اس سے پہلے اس موضوع پر کیا کام ہو چکا ہے اور اب اس کے لیے اس میں کیا گنجائش ہے۔ تیسرے میں اپنی زبان و ادب کی وسعت اور کمی کا اندازہ ہو جاتا ہے اور علم کے جس شعبے میں کمی ہے اسے پورا کرنے کی ترغیب ہوتی ہے۔ چوتھے ادب کے مورخ کو اس سے بہت کچھ مدد ملتی ہے۔

اردو زبان میں اس قسم کی کوئی مکمل فہرست موجود نہیں۔ سب سے اول اس کا خیال سرسید علیہ الرحمۃ کے دماغ میں آیا۔ چنانچہ ۱۸۶۸ء میں علی گڑھ سائنٹفک سوسائٹی کی طرف سے جو ایڈریس سر ولیم میور لفٹننٹ گورنر صوبہ شمال و مغرب (یو۔پی) کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا۔ اس میں یہ بھی ظاہر کیا گیا تھا کہ ان کتابوں کے جو اردو زبان میں سوسائٹی تیار کر رہی ہے دو کتابیں سید احمد خاں آنریری لائف سکریٹری تیار کر رہے ہیں۔ ایک اردو لٹریچر کی تاریخ یا فہرست جس میں تمام کتابوں کا جو ابتدا سے آج تک چھپی ہیں نام، اس کے مصنف کا حال، تصنیف کا زمانہ، طرز بیان اور مختلف مقامات سے اس کی عبارت کے چند نمونے اور بعض مضامین کا خلاصہ ہوگا" (حیات جاوید) دوسری کتاب اردو ڈکشنری تھی۔ جس کی تالیف شروع بھی کر دی تھی اور اس کا نمونہ سائنٹفک سوسائٹی کے اخبار (علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ) میں شائع بھی کیا۔ لیکن پہلی کتاب یعنی فہرست کتب کے لکھنے کی نوبت نہ آئی۔ وہ بہت کثیر الاشتغال تھے اور حالات اس قدر جلد جلد بدل رہے تھے کہ ان سب منصوبوں کی تکمیل ناممکن تھی جو ان کے پیش نظر تھے۔

ایک مدت کے بعد ۱۹۰۲ء میں انجمن ترقی اردو کی بنیاد پڑی تو اس کے ابتدائی پروگرام میں ایک فہرست کی ترتیب بھی تھی۔ پروفیسر محمد سجاد مرزا بیگ دہلوی نے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ اور بیس سال کی محنت کے بعد ۱۹۲۲ء میں اس کی تکمیل کی۔ سابق دولتِ آصفیہ نے جو علم و ہنر کی بڑی سرپرست تھی مرتب فہرست کو مالی امداد سے سرفراز کیا۔ لیکن افسوس کہ یہ فہرست نہایت ناقص اور نامکمل ہے۔

اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قابل مرتب نے کتابوں کی معلومات کے لیے جو جو خانے بنائے ہیں ان کو پُر کرنے میں بہت بے پروائی اور غفلت سے کام لیا ہے۔ سب سے پہلا موضوع " ترجمہ قرآن شریف " ہے۔ اس کے تحت بیس ترجمے درج ہیں۔ حیرت کی بات ہے ان میں اعجاز القرآن، اعجاز البیان، مفتاح القرآن، لغات القرآن، کلید خزائن قرآن، جواہر قرآنی، معجزات القرآن جیسی کتابیں بھی شریک کرلی گئی ہیں۔ اگر مرتب نے ان کتابوں کے دیکھنے کی تکلیف برداشت نہیں کی تو کم سے کم ان کے ناموں ہی پر غور کرلیتے تو معلوم ہوجاتا کہ یہ کتابیں قرآن پاک کا ترجمہ نہیں ہیں۔ پھر جو ترجمے یا کتابیں اس شق کے تحت لکھی ہیں اُن میں سے اکثر کے متعلق معلومات کے جو خانے بنائے گئے ہیں وہ خالی ہیں۔ مولوی نذیر احمد اور مرزا حیرت دہلوی کے ترجموں کے متعلق نہ سن اشاعت درج ہے نہ تعداد صفحات نہ قیمت اور نہ مطبع کا نام اور نہ ملنے کا پتہ۔ یہ دونوں ترجمے اور خاص کر مولوی نذیر احمد کا ترجمہ اُس وقت مقبول عام تھا اور ہر جگہ مل سکتا تھا اگر وہ اُسے اٹھا کر دیکھ لیتے تو یہ ساری معلومات اُن کو مل جاتیں۔ ان کے علاوہ اس موضوع کی دوسری کتابوں کے ساتھ بھی یہی سلوک روا رکھا ہے۔

ایک عنوان ہے " تواریخ کی متفرق کتابیں " اس میں مختلف ملکوں کی تاریخیں، مشاہیر اور دیگر اشخاص کی سوانح عمریاں، سفرنامے سب گڈمڈ کردیئے ہیں۔ یہاں تک کہ جنگ ٹرانسوال، دبستان مذاہب، اختر شاہنشہی (ہندوستان کے اخباروں کی فہرست) دنیا کے عجائبات، محمڈن کالج کی ڈائرکٹری تک اسی عنوان کے تحت درج ہیں محمڈن کالج کے متعلق کچھ نہیں لکھا کہ یہ کون سا کالج ہے اور کہاں واقع ہے۔ کلام الملوک ملوک الکلام۔

" دیوان " کے عنوان کے تحت دودھ دلیا و نان قلیہ، گلشن بنجار اور فغان دہلی جیسی کتابیں لکھ دی ہیں۔ الحقوق والفرائض، فصوص الحکم (شیخ اکبر) عوارف المعارف (شیخ شہاب الدین) انسان کامل وغیرہ کو علم الاخلاق کے تحت درج کیا گیا ہے۔ کشف المحجوب اور فصوص الحکم کو تصوف ہنود کے تحت لکھا ہے۔ کتابوں کا اندراج عجب عجب طرح سے کیا گیا ہے۔ مثلاً مسلمانوں کی گزشتہ تعلیم الجزیہ، ایام عرب (شرر کا ناول) ترقی و تہذیب مسلمانان (مقالہ سید علی بلگرامی) عربوں کا فن تعمیر وغیرہ " سفرنامہ " کے تحت درج کی گئی ہیں۔ میسمرزم کے عنوان کے تحت تیرہ کتابیں ہیں۔ ان میں تاثیر الاظہار کو تین بار لکھا ہے۔ پھر اسی کتاب کو عملیات کے باب کے تحت درج کردیا ہے۔ لوگ اور معجزات کی کتابیں اسی عنوان کے تحت ہیں۔ بہار ہند اور نفائس اللغات کے مصنف کے نام نہیں دیئے حالاں کہ یہ مشہور مصنف ہیں۔

" الفہرست " کی الیقین فردگزاشتوں، خامیوں اور غلطیوں کی وجہ سے اور اس لیے بھی کہ اس فہرست کو چھپے ہوئے مدت گزر گئی اور اس اثنا میں اردو مطبوعات میں قابل ذکر اور غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، انجمن نے یہ ارادہ کیا کہ اردو مخطوطات اور مطبوعات میں قابل ذکر اور غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، انجمن نے یہ ارادہ کیا کہ اردو مخطوطات اور مطبوعات کی ایک مفصل مستند

معیاری فہرست تیار کی جائے۔ لیکن انجمن کی مالی حالت نے اس کی اجازت نہ دی کہ یہ کام بڑے پیمانے پر کیا جا سکے چنانچہ جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کی خدمات جزوقتی طور پر صرف دو گھنٹے روزانہ کے لیے حاصل کی گئیں اور اس طرح کام کا آغاز ہو گیا۔ حسن اتفاق سے انہیں دنوں اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے وزارت تعلیم پاکستان سے دریافت کیا کہ آیا اُردو میں اُردو مخطوطات و مطبوعات کی کوئی فہرست موجود ہے اور اگر موجود نہیں تو کیا اس کی تالیف و تدوین کی صورت نکل سکتی ہے۔ میں نے انجمن کے صدر کی حیثیت سے وزارتِ تعلیم کو اطلاع دی کہ ہم نے بطور خود یہ کام شروع کر دیا ہے۔ وزارتِ تعلیم کی طرف سے قاضی حبیب الدین احمد صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر کتب خانہ جات ہمارے کام کے ملاحظے کے لیے انجمن میں تشریف لائے۔ انھوں نے ہمارے کام کو دیکھ کر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور اپنے نجی تاثرات وزارت تعلیم کو بھیج دیئے۔ وزارتِ تعلیم نے ان کی رپورٹ پر انجمن کو اس کام کے لیے ایک لاکھ روپیہ دینا منظور کیا اور پچیس ہزار روپے کی پہلی قسط انجمن کو دے دی۔ اس امداد کے وصول ہونے پر جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کو اس کام کے لیے کل وقتی طور پر مقرر کر دیا گیا اور انھوں نے میری نگرانی میں فہرست کی پہلی جلد جو اسلام اور دیگر مذاہب کے اردو مخطوطات پر مشتمل ہے مکمل کی اور جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

فہرست کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہوگا کہ ہماری زبان و ادب کا دامن کتنا وسیع ہے اور یہ بھی کہ اس زبان میں خاص طور پر مذہب اسلام کے بارے میں اب تک جو ذخیرہ فراہم ہوا ہے شاید ہی دنیا کی کسی دوسری زبان میں ہو۔

اس فہرست کی تیاری میں برعظیم پاک و ہند کے بیشتر کتب خانوں سے استفادہ کیا گیا ہے اور جن کتب خانوں تک رسائی نہ ہو سکی۔ ان کی مطبوعہ یا غیر مطبوعہ فہرستوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

ہم نے انتہائی کوشش کی کہ انڈیا آفس کی اردو مطبوعات کی فہرست حاصل کی جا سکے لیکن افسوس کہ بھارت اور پاکستان میں کہیں بھی یہ نہ مل سکی۔ ادھر سے مایوس ہو کر آخر میں نے جناب اے ڈی اظہر صاحب کو لکھا جو ان دنوں پاکستان کے ہائی کمشنر کے دفتر لندن میں مشیر مالیات کے منصب پر فائز تھے۔ انھوں نے لندن کے تمام کتب خانوں اور خاص کر ان کتب فروشوں سے جو مشرقی کتابوں کی تجارت کرتے تھے، یہ فہرست حاصل کرنے کی کوشش کی لیکن کسی سے اس کا نسخہ نہ مل سکا۔ انڈیا آفس لائبریری سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ ان کے پاس بھی صرف ایک ہی نسخہ رہ گیا ہے۔ نیز اس مطبوعہ فہرست کے علاوہ ہزاروں کارڈ مرتب شدہ موجود ہیں۔ اب یہ رائے قرار پائی کہ اسی مطبوعہ فہرست اور کارڈوں کا فوٹو اسٹیٹ حاصل کیا جائے۔ اس پر کچھ زیادہ صرف نہیں آتا تھا۔ لیکن اُس وقت انجمن ایسے لوگوں کے ہاتھ میں تھی جنھیں اس قسم کے کاموں سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔

اس کتاب کے پروف خود میں نے پڑھے۔ لیکن آخر میں جب ضعف بصارت کی وجہ سے مجھے پروف پڑھنے میں دقت محسوس ہونے لگی تو یہ کام انجمن کے بعض کارکنوں نے انجام دیا۔ آخر میں وزارت تعلیم حکومت پاکستان کی معارف پروری کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جس کی امداد و اعانت سے اس جلد کی تکمیل عمل میں آئی۔

تاریخ ۲۲ جون ۶۱ء کمرہ نمبر ۱۳۔ جناح اسپتال، کراچی

عبد الحق

فہرست

سماجیات

(۱۷-۸۵)

معاشیات

(۸۶-۱۱۵)

مالیات

(۱۱۶-۳۰)

تجارت

(۱۳۱ - ۳۴)

صنعت و حرفت

(۱۳۵ - ۹۶)

زراعت

(۱۹۷ — ۲۷۲)

مواصلات

سیاسیات

قانون

(۴۵۳-۵۳۶)

تعلیم

(۵۳۷-۵۷۸)

۳ - وان لون، ہنڈرک

نوع انسان کی کہانی

لاہور : پنجاب ایڈوائزری بورڈ فار بکس
: رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز
۱۹۳۹ء ، ص ۵۲۵
حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت : دُنیا کی ابتدا سے لے کر بیسویں صدی تک نوع انسان کے کارناموں کی روشنی میں ایک تاریخ ۔

تہذیب و تمدن

۴ - ابوسعید، قریشی

عناصر تہذیب

لاہور : مکتبہ اُردو
: مرکنٹائل پریس ، ۱۹۴۰ء ، ص ۹۰
حوالہ : کتب خانۂ خاص انجمن ترقی اُردو پاکستان، کراچی
کیفیت : اخلاقی تصورات کی روشنی میں تہذیب کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ

۵ - احسان محمد خان، ڈاکٹر

مشرقی و مغربی تہذیب

کراچی : آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس
: ایجوکیشنل پریس ، ۱۹۶۲ء ، ص
حوالہ : کتب خانۂ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی
کیفیت : ہندوستانی، چینی، جاپانی، مغربی اور اسلامی تہذیبوں کا موازنہ اور ان کے محاسن و معائب پر مختصر تبصرہ ۔

۶ - ارشد رضوی

عمرانیات

کراچی : کفایت اکیڈمی
: جاوید پریس ، ۱۹۷۳ء
بار چہارم ، ص ۳۵۹
حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی ۔
کیفیت : عمرانیات کی اہمیت اور معاشرہ کے تغیرات پر نصابی ضرورت کے مطابق ۔

۷ - ارشد رضوی

عمرانی افکار

کراچی : کفایت اکیڈمی
: جاوید پریس ، ۱۹۶۶ء
بار اوّل ، ص ۲۲۱
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : مختلف تہذیبوں کی عمرانی سرگرمیوں اور مختلف ادوار کے عمرانی افکار کا مفصل تذکرہ جو عمرانی علوم کے ابتدائی طلبہ کی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا، کوشش

عمرانیات

سماجیات

آغازِ مدنیت

۱۔ احمد بشیر، ڈاکٹر (مصنف)

دُنیا کی کہانی

کراچی: طیب برادرز (ناشر)

: ناظر پرنٹنگ پریس: ۱۹۵۵ء، ص ۱۹۶

حوالہ: کتب خانہ کراچی یونی ورسٹی، کراچی

کیفیت: دُنیا اور انسانی تہذیبوں کے ارتقا کی مختصر تاریخ، سماجیات کے طلبہ کے لیے ایک مفید کتاب۔

۲۔ محمد انوار الحق، مفتی (مترجم)

رڈپاتھ، پروفیسر (مصنف)

تاریخ ابوالبشر

بھوپال: دارالاقبال (ناشر)

لاہور: مفید عام پریس: ۱۹۱۰ء، ص ۲۰۱

حوالہ: کتب خانہ کراچی یونی ورسٹی، کراچی

کیفیت: رڈپاتھ کی کتاب 'تاریخ عالم' کے حصہ اوّل کا ترجمہ، جو انسان کی ابتدا کے بارے میں ہے۔

کی گئی ہے کہ ہر مفکر عمرانیات کے نظریات و خیالات کا نچوڑ پیش کر دیا جائے۔

۔ الفرڈ زمرن، سر

تہذیب کا مستقبل

بمبئی : آکسفورڈ یونی ورسٹی پریس

لاہور : امرت الیکٹرک پریس ، ۱۹۴۲ء

بار اوّل ، ص ۳۰

حوالہ : کتب خانۂ عام انجمن ترقی اُردو پاکستان ،کراچی

کیفیت : عالمی مسائل پر ایک کتابچہ

۹ - امتیاز محمد خاں

کاروان تمدّن

لاہور : ولینٹ پاکستان پبلشنگ کمپنی

: رپن پرنٹنگ پریس ، ۱۹۵۶ء

جلد اوّل ، ص ۱۱۰

حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی ،کراچی

کیفیت : ظہور زمین سے لے کر تمدّن کے ابتدائی مراحل تک ، سائنسی نظریوں کی روشنی میں جہد للبقار کی کیفیت مع تصاویر اور خاکے ۔جو مغربی افکار و نظریات پر مبنی ہے ۔طلبہ کے لیے ایک مفید کتاب ہے ۔

۱۰ - انوار ہاشمی (مصنف)

تہذیب کی کہانی

کراچی : بک سینٹر

: جاوید پریس ، ۱۹۶۰ء ، ص ۹۸

حوالہ : کتب خانۂ اُردو کالج کراچی

کیفیت : برائے نصاب انٹرمیڈیٹ آرٹس اور بی ایس سی، کراچی یونی ورسٹی ، دُنیا کی تہذیبوں کا تعارف

۱۱ - (د - ن)

تمدّن و معاشرت

کراچی : ص ۱۷۶

حوالہ : کتب خانۂ عام انجمن ترقی اُردو پاکستان ،کراچی

کیفیت : رسالۂ تہذیب کے بعض مضامین کا مجموعہ (ناقص الطرفین)

۱۲ - جعفر حسن ، ڈاکٹر

اطلاقی سماجیات

حیدرآباد دکن : انجمن ترقی اُردو ہند

دہلی : مکتبہ جامعہ ملیہ

: اشوک پریس ، ۱۹۵۲ء

بار اوّل ، ص ۲۳۸

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی

کیفیت: تہذیبی اطلاقی سماجیات کی اہمیت اور دوسرے علوم
سے اس کے تعلق پر بحث کی گئی ہے، پھر سماجی اور تمدنی
نقطۂ نگاہ سے افلاس، عیب اور جرم، سماجی سیاسیات،
تمدنی مسائل اور سماج کاری کا موضوع وار جائزہ لیا گیا ہے
منشا سماج کی فلاح و بہبود اور خوش حالی ہے۔

۱۳۔ رفعت، سید مبارز الدین (مترجم)
ہائی لینڈ، جان۔ ایس (مصنف)

مختصر تاریخ تمدن

کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان
: انجمن پریس، ۱۹۵۶ء، ص ۲۵۶
حوالہ: کتب خانۂ عام انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی
کیفیت: یورپین نقطۂ نظر سے تمدن کے ارتقاء کا
مختصر احوال۔

۱۴۔ سید سبط حسن

ماضی کے مزار

کراچی: مکتبۂ دانیال
: مشہور آفسٹ پریس
۱۹۶۹ء۔ ص ۶۴۲
حوالہ: کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: دنیا کی قدیم تہذیبوں کے مشترکہ ورثہ پر مغربی مصنفین
کے خیالات پر مبنی جائزہ

۱۵۔ سید عابد حسین، ڈاکٹر (مترجم)
فرینک، بلیکمار، ڈبلیو (مصنف)

مبادی عمرانیات

حیدر آباد دکن: دار الترجمہ جامعۂ عثمانیہ۔
: دار الطبع جامعۂ عثمانیہ۔
۱۹۳۲ء، ص ۴۲۲
حوالہ: کتب خانۂ خاص انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی
کیفیت: برائے نصاب جامعۂ عثمانیہ۔

۱۶۔ سید عین الحق

تہذیبیں

کراچی: علی بک ڈپو۔
: جاوید پریس
۱۹۶۶ء، ص ۸ + ۵۷۹ = ۵۸۷
حوالہ: کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: حصہ اول: مشرقی تہذیبوں کی بنیادی خصوصیات
حصہ دوم: مغربی تہذیبوں کی بنیادی خصوصیات
برائے نصابی و تعلیمی ضروریات

۱۷۔ سید قاسم محمود (مترجم)
روتھ بینی ڈکٹ (مصنف)

قدیم تہذیب اور جدید انسان

لاہور: شیش محل کتاب گھر، اشتراک مکتبۂ فرینکلن

: مدینہ آرٹ پریس، لاہور، ۱۹۶۲ء

بار اول ص ۵۴۴

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

کیفیت : مصنف نے جدید انسان کا مطالعہ قدیم تہذیب کی سادہ رسوم کی روشنی میں کیا ہے۔ اس کے نزدیک ایجادات نے جدید تہذیب کو زیادہ پیچیدہ بنا دیا ہے جس کا مطالعہ آسان نہیں رہا۔ اور جو خود اپنی منزل سے بے خبر ہے مصنف نے اس مقصد کے لیے شمالی امریکہ کے تین قدیم قبائل کا مطالعہ کیا اور پھر ان کی سماجی زندگی کو متعین کرنے والے عوامل کا سراغ لگا کر جدید تہذیب کی خصوصیات سے موازنہ کیا ہے۔ دل چسپ کتاب ہے۔ جسے جنسیات کے ذیل میں بھی شمار کیا جا سکتا ہے۔

۱۸ - صبیح الدین بقائی (مترجم)

انکلس الیکس (مصنف)

عمرانیات کیا ہے؟

کراچی : اردو اکیڈمی سندھ

: ملت پرنٹنگ پریس ۱۹۶۸ء

بار اول ، ص ۲۷۰

حوالہ : کتب خانہ کراچی یونی ورسٹی کراچی

کیفیت : عمرانیات کی مبادیات پر نصابی ضرورت کے لیے انگریزی سے ترجمہ۔

۱۹ - ظفر عمر زبیری

قدیم تہذیبیں اور مذاہب

کراچی : نیشنل اکیڈمی ،

: جاوید پریس، ۱۹۵۸ء بار اول

۱۹۵۹ء بار دوم ، ص ۴۰۱

حوالہ : کتب خانۂ عام، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی

کیفیت : سماجیات کی نصابی کتاب

۲۰ - عبادت بریلوی (مترجم)

ڈیوی جان (مصنف)

آزادی اور تہذیب

لاہور : اردو مرکز

: اردو پریس ، ۱۹۶۰ء ، ص ۲۴۰

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

کیفیت : جان ڈیوی کی کتاب "Freedom & Culture" کا اردو ترجمہ۔

۲۱ - غلام السیدین

روح تہذیب

دہلی : مکتبۂ جامعہ ملیہ

: الامان پریس ، ۱۹۵۲ء ، ص ۸۰

حوالہ : کتب خانہ کراچی یونی ورسٹی، کراچی

کیفیت: اردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے جلسے منعقدہ ۱۹۳۲ء
میں تہذیب کی ماہیت و فلسفہ پر پڑھا جانے والا مقالہ

۲۲- غلام مرتضیٰ ترک، ڈاکٹر

اصول عمرانیات

لاہور: مرکزی کتب خانہ
: پنجاب پرنٹنگ پریس، ۱۹۶۵ء
بار اوّل، ص ۲۲۸
حوالہ: کتب خانہ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: عمرانیات کی تعریف، اصول اور تشریح برائے طلبہ۔

۲۳- گورکھ ناتھ، چوبے

علم تمدن

الٰہ آباد: رام نرائن بک سیلر
: نیشنل پریس، ۱۹۴۲ء، ص ۵۸۰
حوالہ: کتب خانہ عام/ انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی
کیفیت: علم تمدن و مدنیت کی تعریف و خصوصیات کا جائزہ

۲۴- محمد قمر الدین

مآل تہذیب

کان پور: خود مصنف
: نظامی پریس، ص ۱۵۰
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: تہذیب کی ماہیت اور اثرات سے بحث کی گئی ہے
اور جدید مغربی تہذیب کے پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے
مشرقی تہذیب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

۲۵- محمد مصلح الدین صدیقی

سماجیات

حیدرآباد دکن: سینٹرل پبلشر
: اعظم اسٹیم پریس، ۱۹۵۱ء
بار اوّل و دوئم ص ۳۵۲
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: اس کے دو ایڈیشن ہیں پہلا ایڈیشن ۱۹۵۱ء اور دوسرا ۱۹۵۳ء
میں شائع ہوا۔ پہلے میں سماجیات کا مفہوم اور انسانی ماحول،
انسانی فطرت اور دوسرے میں سماجیات کے مفہوم اور اس کے
ٹھہراؤ پر کافی طویل بحث ہے۔

۲۶- مرزا حبیب حسین

معدن تہذیب

لکھنؤ: نول کشور
: نول کشور پریس، ۱۹۰۰ء
ص ۲۲۸
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: یہ کتاب ۲۱ ابواب پر مشتمل ہے اور اس میں تہذیب کے
اہم مسائل پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ نیز بتایا گیا ہے کہ تہذیب

اور اخلاق کے رشتے اور نتائج ہر جگہ ایک ہی جیسے ہیں۔

۲۷۔ یوسف حسین خان، ڈاکٹر (مترجم)
رینے ورمز (مصنف)

مبادیٔ عمرانیات

حیدرآباد دکن: دارالترجمہ جامعۂ عثمانیہ
: دارالطبع جامعۂ عثمانیہ، ۱۹۳۳ء، ص ۱۷۱
حوالہ: کتب خانۂ خاص انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی
کیفیت: برائے نصاب جامعۂ عثمانیہ۔ حصہ اول عمرانیات کی تعریف اور تعارف پر مشتمل ہے۔ حصہ دوم میں معاشرہ، سماج اور حیات اجتماعی کا جائزہ ہے۔ حصہ سوم میں علم کائنات اور دیگر علوم و فنون کے تعلق سے عمرانیات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

تمدن ہند (کوائف و عوامل)

۲۸۔ ایشور ٹوپا

ہندوستانی قومیت کا تمدنی پہلو

حیدرآباد دکن: ادارہ ادبیات اردو
: اعظم اسٹیم پریس، ۱۹۴۵ء، ص ۵۲
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: اس کتابچہ میں ہندوستان کے تمدن کا تاریخی خاکہ، عہد وسطیٰ کا تمدنی مسئلہ اور ہندوستانی قومیت کی دشواریوں کو بیان کیا گیا ہے۔

۲۹۔ جعفر حسین، ڈاکٹر

ہندوستانی سماجیات

علی گڑھ: انجمن ترقی اردو (ہند)
: الہ آباد پریس، ۱۹۵۵ء، بار اول
ص ۲۴۶
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: ہندوستانی سماجیات کی ضرورت، اہمیت اس کی خوبیاں اور خامیاں بتائی گئی ہیں۔ نیز عہد قدیم سے سماج سدھار تحریکیں، کوششیں اور ان کے نتائج کا جائزہ لیا گیا ہے۔

۳۰۔ جعفر حسین، ڈاکٹر

ہندوستان کی شماریات آبادی

حیدرآباد دکن: حیدرآباد بک ڈپو
: نظام دکن پریس
۱۹۴۵ء، بار اول، ص ۲۴۱
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: ہندوستان کے مختلف حصوں میں آبادی کی گنجانی اور فراوانی کے اسباب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں خواندہ افراد کے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے ہندی، اردو کے مسئلہ پر بھی بحث کی گئی ہے۔

۳۱ - سید عبداللطیف، ڈاکٹر

ہندوستان کا تہذیبی مستقبل

دہلی : ادارۂ طلوع اسلام ۔

: مکتبۂ سیاسیہ ، ۱۳۵۸ھ ص ۱۶

حوالہ : کتب خانۂ عام انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی

کیفیت : ہندو مسلم اختلافات کی روشنی میں ہندوستان کے تہذیبی مستقبل کی نشان دہی کی کوشش کی گئی ہے۔

۳۲ - سید معین الحق

قدیم مشرق

کراچی : مکتبہ فریدی،

: انجمن پریس ، ۱۹۵۸ء ، جلد اوّل ، ص ۴۴۴

جلد دوم ، ص ۵۶۰ / ۱۰۰۴

حوالہ : کتب خانۂ عام، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی

کیفیت : تاریخ تمدن و معاشرت، سماجی عوامل و کیفیات اور سیاست مشرق کا جائزہ۔

۳۳ - سید محمد تقی۔

ہندوستان کا پس منظر و پیش منظر

کراچی : انجمن ترقی اُردو پاکستان،

: مشرقی پریس، کراچی ۱۹۶۸ء ، ص ۱۷۸

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

کیفیت : اس میں جینی تہذیب، مسلم کلچر، قدیم و جدید کا تصادم، ہندوستان کی سیاست اور سماجی زندگی، فکری اور معاشی ذہنی کشمکش وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ پاکستانی تہذیب کا مسئلہ بطور ضمیمہ پیش کیا گیا ہے۔

۳۴ - عبداللہ یوسف علی، علامہ

ہندوستان کے معاشرتی حالات

الہ آباد : ہندوستانی اکیڈمی

: انڈین پریس لمیٹڈ ۱۹۲۸ء ، ص ۱۳۰

حوالہ : کتب خانۂ عام انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی

کیفیت : تاریخ ہند کے ازمنۂ وسطیٰ میں معاشرتی اور اقتصادی حالات پر تین خطبات کا مجموعہ۔

۳۵ - عبداللہ یوسف علی، علامہ

انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ

کراچی : کریم سنز پبلشرز

: جاوید پریس کراچی ۱۹۶۶ء ، بار اوّل ص ۴۰۴

حوالہ : کتب خانۂ اردو کالج، کراچی

کیفیت : برصغیر میں انگریزوں کی آمد کے وقت ہندوستان کی تمدنی اور معاشرتی حالت کے پس منظر میں انگریزی اقتدار کے اثرات۔

۳۶ - (د - ن)

مشرقی پاکستان کے دریا

کراچی: ادارۂ مطبوعات پاکستان
: مشہور آفسٹ دیتھو پریس ، ص ۱۵۵
حوالہ: کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: مشرقی پاکستان کے دریاؤں کی کہانی جن کے سیلاب میں جغرافیائی، تاریخی اور ثقافتی موجیں بھی ہیں۔

تہذیب کی رَو

۳۷ - اسٹوکس ۔ ایس ۔ ای

یوروپ کی تہذیب کا دیوالیہ

لاہور: لاجپت رائے پرتھوی راج ساہنی
: پنجابی پریس ، ۱۹۲۲ء ، ص ۸۸
حوالہ: کتب خانۂ عام انجمن ترقی اُردو پاکستان، کراچی
کیفیت: یوروپی تہذیب کے دعویٰ عالمی برتری اور اس کی ہمہ گیر افادیت کے تصوّر کی ناکامی اور خامیوں کی روداد، انگریزی سے ترجمہ

۳۸ - ہاشمی فرید آبادی (مترجم)
سارٹن، جارج (مصنّف)

قدیم علوم اور جدید تہذیب

لاہور: مقبول اکیڈمی
: اشرف پریس ، ۱۹۶۴ء ، ص ۱۶۰
حوالہ: کتب خانۂ اُردو کالج، کراچی
کیفیت: تہذیب جدید کے لیے قدیم علوم کی حفاظت کی ضرورت۔

اسلامی اثرات

۳۹ - ابوالحسن علی

مسلمانوں کے تنزل سے دُنیا کو کیا نقصان پہنچا

لکھنؤ: مکتبۂ اسلام
دہلی: جمال پریس ، ۱۹۶۵ء ، ص ۳۰۸
حوالہ: کتب خانۂ خاص انجمن ترقی اُردو پاکستان، کراچی
کیفیت: دُنیا کی سماجی تعمیر میں اسلام کا حصّہ۔

۴۰ - اختر جوناگڑھی، قاضی احمد میاں

اسلام کا اثر یورپ میں

لکھنؤ: دائرہ ادبیہ
: نول کشور پریس ، ۱۹۲۲ء
بار اوّل ، ص ۶۶
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: یورپ پر اسلام کے تعلیمی او رعمرانی اثرات کا مختصر جائزہ لیا گیا ہے۔

۴۱ - تجمل خان
احمد شفیق بیگ } (مترجمین)

اسلامی غلامی

جوناگڑھ : مرتبین
: صدائے ہند پریس
۱۹۰۷ء ، ص ۸۹
حوالہ : کتب خانہ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی
کیفیت : اسلام میں غلامی کا تصوّر اور معترضین کی غلط بیانیوں کا جواب۔ اصل کتاب فرانسیسی میں لکھی گئی۔ احمد زکی آفندی نے عربی میں ترجمہ کیا۔ عربی سے تجمل خان نے اردو میں ترجمہ کیا۔

۴۲ - حریری، غلام محمد (مرتب)

اسلامی دستور حیات

لاہور : راوی بک ڈپو
لائل پور : نفیس پرنٹنگ پریس ، ۱۹۶۶ء
بار سوم ، ص ۳۸۲
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : اسلامی دستور حیات کا تجزیہ کرتے ہوئے اسلامی تہذیب، تقویٰ، ذکر، شکر، تدبر اور تحمل وغیرہ پر بڑی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

۴۳ - خواجہ عبدالحکیم انصاری توحیدی

تعمیر ملّت

کراچی : ادارۂ ادب
: ضیا برقی پریس، ۱۹۵۷ء، ص ۱۰
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : اس میں توحید، رسالت، قرآن اور عبادات کی سماجی حیثیت کا جائزہ لیتے ہوئے حقوق العباد، حسن اخلاق، خدمت خلق اور دیگر اعلیٰ سماجی اور اخلاقی اقدار کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔

۴۴ - سالک، عبدالمجید

مسلم ثقافت (ہندوستان میں)

لاہور : دین محمدی پریس، ۱۹۵۷ء، ص ۳۵۷
حوالہ : کتب خانہ اردو کالج، کراچی
کیفیت : ہندوستان کی تہذیبی حالت اسلام سے قبل اور ورود اسلام کے بعد ہندوستانی تہذیب پر اس کے انقلاب انگیز اثرات کا جائزہ

۴۵ - سالک، عبدالمجید (مترجم)
آرنلڈ، سر طامس۔ گیام، الفریڈ (مصنف)

میراث اسلام

لاہور : مجلس ترقی ادب

: دین محمدی پریس ، ۱۹۶۰ء

بار اوّل ، ص ۵۹۱

حوالہ : کتب خانۂ پاکستان سکریٹریٹ، کراچی

کیفیت : مسلمانوں کی تہذیب، علوم اور ثقافت کا اثر دُنیا کی مختلف تہذیبوں بالخصوص اسپین پر۔

۴۶ - سید ابوالاعلیٰ مودودی

اسلامی تہذیب اور اس کے اصول و مبادی

لاہور : مکتبہ جماعت اسلامی

: تعلیمی پریس ، ۱۹۵۵ء

بار اوّل ، ص ۳۲۰

حوالہ : کتب خانہ اُردو کالج، کراچی

کیفیت : ترجمان القرآن میں مسلسل چھپنے والے مضامین کا مجموعہ، تہذیب کا مفہوم اور اس کا اسلامی تصوّر۔

۴۷ - سید جمیل واسطی

اسلامی روایات کا تحفظ

لاہور : مکتبہ دانش

: نظامی پریس

بار اوّل ، ص ۱۶۳

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

کیفیت : اس کتاب میں مسلمانوں کے زوال اور موجودہ دور کی تمدنی تشریح کے بعد مستقبل میں مسلمانوں کے امکانی عروج پر بحث کی گئی ہے۔

۴۸ - سید محمود علی

دین و دولت

لاہور : انجمن حمایت اسلام

: حمایت اسلام پریس ، ۱۹۳۱ء

بار اوّل ، ص ۲۸۵

حوالہ : کتب خانہ اُردو کالج، کراچی

کیفیت : قومی ترقّی اور تنزّل کے اسباب کا جائزہ۔

۴۹ - سید معین الحق، ڈاکٹر

معاشرتی و علمی تاریخ

کراچی : حق نشان

: مشہور آفسٹ پریس ، ۱۹۶۵ء

بار اوّل ، ص ۴۶۴

حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی

کیفیت : ۱۷۰۷ء سے پاک و ہند کے معاشرہ کی تشکیل و تہذیب تک مسلمانوں کے کردار اور مساعی کا جائزہ۔

۵۰ - سید مناظر احسن گیلانی

مسلمانوں کی فرقہ بندیوں کا افسانہ

دہلی : ندوۃ المصنّفین

: الجمعیۃ پریس

۱۹۶۰ء ، ص ۱۲۸

حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

کیفیت : مسلمانوں کی فرقہ بندیوں پر کڑی تنقید کی گئی ہے

حکمرانی استحقاق سے متعلق مختلف نظریات اور افکار
کا جائزہ دیا گیا ہے، اور قرآن و حدیث کی روشنی میں
رہنمائی کی گئی ہے۔

۵۱۔ شکیب ارسلان

اسباب زوال امت

لاہور : کارخانۂ تجارت کتب
: کارخانۂ تجارت کتب
۱۹۵۳ء ، بار اوّل ، ص ۱۳۸
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : امت کے زوال کے سماجی اور دینی اسباب پر
روشنی ڈالی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ مسلمان کیوں
اس قدر پستی میں گر گئے ہیں۔

۵۲۔ شمس الرحمٰن محسنی

شاہ ولی اللہؒ کے عمرانی نظریے

لاہور : سندھ ساگر اکادمی
: مرکنٹائل پریس ، ۱۹۴۶ء
بار اوّل ، ص ۱۴۲
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : شاہ ولی اللہؒ کے سماجی اور اصلاحی افکار اور بالخصوص
عمرانیات کے نظریہ کو بیان کیا گیا ہے۔

۵۳۔ شہابی، انتظام اللہ

اسلامی معاشرت

کراچی : محمد سعید اینڈ سنز
: مطبع سعیدی
بار اوّل ، ص ۱۷۶
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت : اسلامی طرز معاشرت پر مصنف کی ایک اہم تصنیف
ہے جس میں عام اخلاقی آداب اور معاشرتی کوائف
کے متعلق اسلامی اصول بتائے گئے ہیں۔

۵۴۔ شیخ عنایت اللہ، ڈاکٹر (مترجم)
ڈیمنڈ، ایم۔ ایس (مصنف)

مسلمانوں کے فنون

لاہور : پنجابی ادبی اکیڈمی
: پنجابی ادبی اکیڈمی پریس
۱۹۶۴ء ، بار اوّل ، ص ۵۶۱
حوالہ : کتب خانۂ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی
کیفیت : مسلمانوں کی تہذیب و تمدن اور فنون کی اجمالی
تاریخ مع تصاویر۔

۵۵۔ ضیاء الہدیٰ، مولانا

قانون مکافات

بانکی پور پٹنہ : مکتبۂ دین و دانش
: برقی پریس
۱۹۵۰ء ، بار اوّل ، ص ۵۶
حوالہ : کتب خانۂ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی
کیفیت : انسانی اعمال و افعال کی درستگی کے لیے قانون
الٰہی کے نفاذ کی اہمیت پر کتابچہ۔

۵۶ - ظہوری، عبدالوہاب

اسلام کا نظام حیات

حیدرآباد دکن : نفیس اکیڈمی
: رزاقی پریس ، ۱۹۴۲ء
باراول ، ص ۳۲۷
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی و
کتب خانۂ اردو کالج ، کراچی
کیفیت : اس کتاب میں اسلام کے نظام حیات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کے بارہ اصول واضح کیے گئے ہیں اور ان کی سماجی اور اصلاحی حیثیت کا جائزہ لیا گیا ہے۔

۵۷ - عبدالقیوم ندوی

اسلامی دستور حیات

لاہور : ایم۔ ثناء اللہ اینڈ سنز
: اشرف پریس ،
بارسوم ، ص ۱۶۳
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی
کیفیت : اس کتاب میں اسلامی دستور حیات کی خصوصیات اور اصول بتائے گئے ہیں اور واضح کیا گیا ہے کہ ساری فلاح و سعادت اور نجات اخروی صرف اللہ کی بندگی اور اطاعت میں ہے اور زندگی کی ساری تگ و دو کا مقصد صرف یہی ہونا چاہیے۔

۵۸ - عبیداللہ ، قدسی

تصورات قبل اسلام

لاہور : ادارۂ ثقافت اسلامیہ
: اشرف پریس ، ۱۹۶۹ء
باراول ، ص ۱۶۲
حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی ، کراچی
کیفیت : قبل اسلام عرب کے تمدنی اور ثقافتی تصورات کا جائزہ۔

۵۹ - کے۔ ایل۔ گابا

مجبور آوازیں

لاہور : مکتبہ شاہکار
: مکتبہ جدید پریس ، ۱۹۷۵ء
باراول ، ص ۹۰
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی
کیفیت : بھارت کے مسلمانوں کی زبوں حالی اور بھارتی حکومت اور ہندو قوم کے ان پر مظالم کی روداد۔

۶۰ - محمد حلیم انصاری ردولوی (مترجم)
جرجی زیدان علامہ (مصنف)

تاریخ تمدن اسلام (حصہ اول)

کراچی : شیخ شوکت علی اینڈ سنز
: جاوید پریس ، ۱۹۶۴ء
باراول ، ص ۳۴۴
حوالہ : کتب خانۂ اردو کالج ، کراچی

کیفیت : تمدن عرب میں عہد اسلامی نے کیا
تبدیلیاں کیں ؟

۶۱ - محمد حنیف ندوی

اساسات اسلام

لاہور : ادارہ ثقافت اسلامیہ
: کیمبرج پرنٹنگ پریس
۱۹۷۳ء ، بار اوّل ، ص ۲۸۴
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی
کیفیت : اس کتاب میں مصنف نے اسلام کے
بارے میں اس نقطۂ نگاہ کو سامنے رکھا ہے
کہ وہ زندگی اور عمل کا مذہب ہے اور اسی
بنا پر تعمیر فرد، معاشرہ اور سیاست وغیرہ کے
ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے۔

۶۲ - محمد طیب

اسلام اور فرقہ واریت

دیوبند : ادارہ تاج المعارف
: تاج پریس ۱۹۵۶ء
بار دوئم ، ص ۸۰
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی
کیفیت : اسلام فرقہ واریت سے دُور رہنے کی تلقین
کرتا ہے مسلمان خواہ کوئی ہوں کسی جگہ کے ہوں ،
آپس میں بھائی بھائی ہیں ۔ فرقہ واریت ایک لعنت
ہے ۔ وغیرہ مباحث کا احاطہ کیا گیا ہے ۔

۶۳ - محمد مصلح الدین صدیقی (مترجم)
سید عبداللطیف (مصنف)

اسلام میں معاشرہ کا تصور

حیدر آباد دکن : سید عبدالرزاق اینڈ سنز
: اعظم اسٹیم پریس
۱۹۴۸ء ، بار اوّل ، ص ۶۲
حوالہ : لیاقت نیشنل لائبریری ، کراچی
کیفیت : اس کتاب میں اسلامی معاشرے کو سمجھانے
کی کوشش کی گئی ہے مسلمانوں کا کیا مقام ہے؟
مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے؟ معاشرتی زندگی
میں اسلام کے تقاضے کیا ہیں؟ وغیرہ سوالات
کے جوابات دیئے گئے ہیں ۔

۶۴ - محمد حسن ، ڈاکٹر پیر (مترجم)
محمود شکر آلوسی (مصنف)

بلوغ الادب

لاہور : مرکزی اُردو بورڈ
: میزان پرنٹنگ پریس
۱۹۶۷ء جلد اوّل ، ص ۶۴۰
۱۹۶۷ء جلد دوم ، ص ۶۵۰
۱۹۶۷ء جلد سوم ، ص ۶۵۶
۱۹۶۸ء جلد چہارم ، ص ۷۰۸
حوالہ : کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی ، کراچی

کیفیت: عربوں کے تمدنی اور معاشرتی حالات پر
۱۸۹۶ء میں شائع ہونے والی اہل یورپ کی
نظر میں سب سے اہم کتاب کا ترجمہ

۶۵ - میر اسد علی خاں، نواب (مترجم)
بلیک، سر جان (مصنف)

معاشرت

لکھنؤ: دل گداز پریس
۱۹۳۰ء، بار دوم، ص ۱۹۲
حوالہ: پاکستان سکریٹریٹ لائبریری، کراچی
کیفیت: "USE OF LIFE" کا ترجمہ

۶۶ - نریندر جی، پنڈت

مسلم اقتدار کا پس منظر

حیدر آباد دکن: ساہتیہ سرن،
: مانک پربھو پرنٹنگ پریس، ص ۳۴
حوالہ: کتب خانۂ خاص، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی
کیفیت: حیدر آباد دکن کے حالات، ایک ہندو باشندہ
کی نظر میں۔

۶۷ - نعیم صدیقی

تخریب و تعمیر

کراچی: مکتبۂ چراغ راہ
: مشہور آفسٹ پریس -
۱۹۵۳ء، ص ۳۰۴
حوالہ: کتب خانہ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی
کیفیت: معاشرتی خرابیوں اور نقائص کا تجزیہ اور اصلاح
کی سفارشات

۶۸ - ہادی حسین (مترجم)
اسٹورٹ چیس (مصنف)

بنی آدم (اعضائے یک دیگر اند)

لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز
باشتراک مکتبۂ فرینکلن
: علمی پرنٹنگ پریس، ۱۹۶۲ء
بار اول، ص ۳۶۷
حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی
کیفیت: تین حصوں اور ستائیس [۲۷] مختلف ابواب پر
مشتمل سماجی کوائف پر کتاب، اصل موضوع
اجتماعیات ہے جس میں انسانی تعلقات سے بحث
ہوتی ہے۔ مصنف خود وضاحت کرتا ہے کہ
کتاب میں اس امر کے دریافت کرنے کی کوشش
کی گئی ہے کہ سائنس کے اسالیب جو مادے
اور قوت کے مسائل حل کرنے میں اس قدر
کامیاب ثابت ہوئے ہیں، انسانی تعلقات
کے بارے میں کس حد تک استعمال کیے
جا سکتے ہیں -

ثقافتی جائزے

۶۹۔ شاکر تزک، غلام مرتضیٰ
پاکستانی معاشرہ
لاہور: علمی کتب خانہ
: پنجاب پریس، ۱۹۶۷ء، ص ۳۶۹
حوالہ: کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: پاکستانی معاشرے کا ثقافتی، تعلیمی، تمدنی اور تہذیبی تجزیہ۔

۷۰۔ تہر غلام رسول
سالک عبدالمجید } (مترجمین)
اسٹینلی میرن (مؤلف)
پاکستان
(معاشرہ اور ثقافت)
لاہور: گوشۂ ادب
: پنجاب پریس، ۱۹۶۵ء، ص ۳۲۰
حوالہ: کتب خانۂ کراچی یونی ورسٹی، کراچی
کیفیت: حسب موضوع

۷۱۔ نصیر الدین ہاشمی
دکنی کلچر
لاہور: مجلس ترقی ادب
: مطبع عالیہ، ۱۹۶۳ء، ص ۴۲۷
